امریکی کمیشن برائے بین الاقوامی مذہبی آزادی کی 2025 کی سالانہ رپورٹ کے حوالے سے میڈیا کے سوالات پر سرکاری ترجمان کا جواب

26 مارچ، 2025

امریکی کمیشن برائے بین الاقوامی مذہبی آزادی کی 2025 کی سالانہ رپورٹ کے حوالے سے میڈیا کے سوالوں کے جواب میں سرکاری ترجمان جناب رندھیر جیسوال نے کہا:

ہم نے امریکی کمیشن برائے بین الاقوامی مذہبی آزادی (USCIRF) کی حال ہی میں جاری کردہ 2025 کی سالانہ رپورٹ دیکھی ہے، جس میں ایک دفعہ پھر جانبداری اور سیاسی محرکات پر مبنی تجزیے جاری کرنے کے اپنے رجحان کو برقرار رکھا گیا ہے.

USCIRF کی طرف سے چند گنے چنے واقعات کو غلط انداز میں پیش کرنے اور بھارت کے متحرک کثیر الثقافتی معاشرے پر بے بنیاد الزامات عائد کرنے کی مستقل کوششیں مذہبی آزادی کے حقیقی خدشات کے بجائے ایک سوچے سمجھے ایجنڈے کی عکاسی کرتی ہیں.

بھارت 1.4 ارب لوگوں کا اپنا وطن ہے، جو انسانی تاریخ میں معروف تمام مذاہب کے پیروکار ہیں. تاہم، ہمیں اس بات کی کوئی توقع نہیں oy کہ USCIRF بھارت کے کثیرالجہتی نظام کی حقیقت کو تسلیم کرے گا یا اس کی متنوع برادریوں کے پرامن بقائے باہمی کا اعتراف کرے گا.

بھارت کو جمہوریت اور رواداری کی علامت کے طور پر کمزور کرنے والی ایسی کوششیں کامیاب نہیں ہوں گی. درحقیقت، خود USCIRF کو ایک باعثِ تشویش ادارہ قرار دیا جانا چاہیے.

نئی دہلی

26 مارچ، 2025